# 15۔ طائر لاہُوتی

## ولادت: ۱۹۱۸

## وفات: ۱۹۹۷ء

## فارغ بخاری

www.ilmkidunya.com

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| باغ و بہار | خوش مزاج | سبھا | محفل |
| بذلہ سنج | خوش مزاج | شاق | دکھ |
| بیٹھک | ڈرائنگ روم ، مہمان خانہ | طفل | بچہ |
| پیچ و تاب | غصہ | طلسمی | جادوئی |
| پیش خیمہ | سبب ، آغاز | غنیمت | لوٹ کا مال ، قابل قدر |
| ترویج | رواج دینا، رائج کرنا | کرتا دھرتا | منتظم |
| تصوف | صوفیہ کا طریقہ / عقیدہ | لغزش | غلطی |
| تُند مزاج | غصیلہ | بتدی | ابتدا کرنے والا |
| تنقید | پرکھنا ، اچھائی یا برائی جاننا | مجذوب | اللہ کی محبت میں ڈوبا ہوا |

www.ilmkidunya.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| جمالیات | حسن شناسی ، خوب صورتی | محاذ آرائی | اختلاف، جھگڑا |
| چشمک | اختلاف | مراقبہ | غور، سوچ بچار، سب کچھ چھوڑ کر اللہ سے لو لگانا |
| خیام | (عمر خیام) ایران کا مشہور رباعی گو شاعر | مقالہ | ایسا مضمون جو تحقیق اور اعداد و شمار کی روشنی میں لکھا گیا ہو۔ |
| زمہریر | کرہ ہوائی کا ایک حصہ جو بے حد ٹھنڈا ہے | مکتب | مدرسہ |
| سجادہ نشین | پیر یا مرشد کی گدی پر بیٹھنے والا، قائم مقام | وسیع المشرب | جس میں مذہبی تنگ نظری نہ ہو |
| سالار | سردار | وضع دار | سنجیدہ ، اچھی وضع قطع رکھنے والا |

www.ilmkidunya.com

# مشق

سوال نمبر ۱۔ درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) مصنف نے ضیا جعفری کو بوڑھے برگد سے کیوں تشبیہ دی؟

جواب: آخری عمر ضیاء جعفری کی بزرگانہ شفقت، حُسنِ اخلاق، محبت اور خلوص کو دیکھ کر مصنف کو بوڑھے برگد یاد آئی۔ جو گرمیوں کی جھلسا دینے والی دھوپ اور زمہریر سردیوں کی طوفانی ہواؤں اور یخ بستہ فضا سے بچنے کے لیے لوگوں کو اپنے گھمبیر سائے تلے پناہ دیتا تھا۔ ضیا صاحب کا بڑھاپا بھی ان کے احباب، ان شاگردوں اور ان کے ارادت مندوں کے لیے اس سایہ دار برگد سے کم نہ تھا۔

(ب) ضیا جعفری کا گھر کہاں واقع تھا؟

جواب: گور گٹھڑی کے جنوبی گنبد کے بالمقابل چڑھائی پر تھا۔

(ج) دائرہ ادبیہ میں کون کون شامل تھے؟

www.ilmkidunya.com

جواب: مرزا لاس، مظہر گیلانی، مبارک جبین عاجز، اسیر انور ضیائی، مضمر تاتاری، جگر کاظمی اور خالص کی شامل تھے۔

(د) عبد الودود قمر کون تھے؟

جواب: عبد الودود قمر ضیاء جعفری کے دوست تھے۔ ضیاء جعفری روزنامہ "انگار" کے ایڈیٹر رہے اور ان کے ساتھ عبد الودود قمر نائب مدیر تھے۔

(ہ) قمر صاحب دائرہ کے اصول و ضوابط کیسے برقرار رکھتے تھے؟

جواب: قمر صاحب کھرے اور بااُصول انسان ہیں، جن کی بے رحم صاف گوئی سے اپنا بیگانہ کوئی محفوظ نہیں۔ اس اصول کے تحت انھوں نے دائرہ ادبیہ کو نظم و ضبط کے اعتبار سے ایک مثالی ادارہ بنا دیا تھا۔ سب ان کا احترام کرتے اور ان کی تلخ کلامی کو ہنسی خوشی برداشت کرتے تھے۔

(و) شاعروں کے بارے میں مصنف کے کیا جذبات تھے؟

جواب: فارغ بخاری خود بڑے ادیب اور شاعر تھے۔ وہ جہاں کسی شاعر کا نام سنتے، بے اختیار ان کا دل اس کی طرف کھنچنے لگتا تھا۔ ضیا جعفری اور عبد الودود قمر سے ان کی شناسائی اسی شاعرانہ ذوق کا نتیجہ تھی۔ اُن کو شروع ہی سے شاعروں سے دلی لگاؤ تھا۔ اور جب اُنھیں یہ معلوم ہوا کہ ضیا جعفری اور عبد الودود قمر جیسے بڑے شعرا اُن کے پڑوس ہی میں موجود ہیں تو شاعری سے اُن کی دلچسپی اور بڑھ گئی۔

**سوال نمبر۲۔ خالی جگہ پُر کریں۔**

**(الف)** ضیا جعفری ایسے دریا تھے جنھیں سمندر میں بند کرنا بھی محال تھا۔

**(ب)** محفل اُن کی طلسمی خوشبو سے مہکنے لگتی۔

**(ج)** جب میں نے ہوش سنبھالا تو پتا چلا کہ یہ دونوں حضرات مشہور شاعر ہیں۔

**(د)** ضیا جعفری روشن خیال اور وسیع المشرب تھے۔

**(ہ)** ضیا اور قمر کی دوستی سارے شہر میں ضرب المثل تھی۔

**(و)** در حقیقت مجھے قلم پکڑنا قمر صاحب نے ہی سکھایا۔

**(ز)** سنجیدہ گفتگو میں بھی اُن کی رگِ ظرافت پھڑک اُٹھتی۔

www.ilmkidunya.com

سوال نمبر۳۔ درج ذیل الفاظ پر اعراب لگائیں اور الفبائی ترتیب سے لکھیں۔

| الفاظ | اعراب کے ساتھ | الفاظ | اعراب کے ساتھ |
| --- | --- | --- | --- |
| تلخ کلامی | تَلخ کَلامی | مقالات | مَقَالَات |
| جاذبیت | جَاذِبِیَّت | نظم و ضبط | نَظم و ضَبط |
| مشاعرہ | مُشاعَرہ | | |

سوال نمبر۴۔ درج ذیل جملوں میں مناسب مقامات پر رموزِ اوقاف لگائیں۔

(الف) عمران خان نے جو پاکستان کا نامور فرزند ہے کینسر ہسپتال بنایا۔

جواب: عمران خان نے (جو پاکستان کا نامور فرزند ہے) کینسر ہسپتال بنایا۔

(ب) جھیل سیف الملوک تک جو سارا پہاڑی علاقہ ہے سفر آسان نہیں ہے۔

www.ilmkidunya.com

جواب: جھیل سیف الملوک تک (جوسارا پہاڑی علاقہ ہے) سفر آسان نہیں ہے۔

(ج) سنو کیا تم میری مدد کرو گے۔

جواب: سنو! کیا تم میری مدد کرو گے۔

(د) ماشاء اللہ کتنی ذہین بچی ہے۔

جواب: ماشاء اللہ! کتنی ذہین بچی ہے۔

(ہ) بچے بولے ماموں جان آگئے۔

جواب: بچے بولے ماموں جان آگئے۔

سوال نمبر۵۔ درج ذیل جملوں کو قواعدہ کے مطابق درست کریں۔

(الف) نیر شاعر کا نام بھی لکھیں۔

www.ilmkidunya.com

جواب: اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔

(ب) ہمارا گھر شہر میں واقعہ ہے۔

جواب: ہمارا گھر شہر میں واقع ہے۔

(ج) بزرگوں کی بات کو غور سے سنو۔

جواب: بزرگوں کی بات کو غور سے سنو۔

(د) تم کب واپس لوٹو گے۔

جواب: تم کب واپس آو گے۔

(ہ) تم نے کیوں شور ڈالا ہے۔

جواب: تم نے کیوں شور مچایا ہے۔

www.ilmkidunya.com

(و) میں آپ کا بے حد مشکور رہوں۔

جواب: میں آپ کا بے حد شکر گزار ہوں۔

سوال نمبر ۶۔ اس سبق میں سے محاورات کی نشان دہی کریں۔

جواب: گھل ملنا۔ منہ تکنا۔ چار چاند لگانا۔ فقرہ کسنا۔ پیچ وتاب کھانا۔ جان جھڑانا۔ پارہ چڑھ جانا۔ پھولنا۔ کسر اُٹھانہ رکھنا۔

## متحمل العذین

ایسا کلام کہنا جس کے دو معنی سکتے ہوں اور دونوں ایک دوسرے کے برعکس ہوں متحمل العذین کہلاتا ہے۔ مثلا

کل گدھے پر جا کر نظم پڑھنا اور بیس روپے کا چیک لانا۔

اس جملے کا ایک مطلب تو یہ ہے کہ کل جانا اور گدھے پر نظم پڑھنا اور دوسرا مطلب یہ ہے کہ گدھے پر بیٹھ کر جانا اور نظم پڑھنا۔ اس طرح کی پانچ مثالیں تلاش کر کے لکھیں

چند مثالیں:۔ اک پھول کا مضمون ہو تو سو رنگ میں باندھوں

www.ilmkidunya.com

اب رنگ کے دو معنی ہیں ایک تو وہی معمولی رنگ دوسری طرز یہاں یہی دوسرے معنی مراد ہیں۔

شب جو مسجد میں جا پھنسے مومن

رات کاٹی خدا خدا کر کے

خدا خدا کر کے (ایہام) یعنی اللہ اللہ کر کے عبادت کر کے اور دوسرا مفہوم ہے مشکل کے ساتھ۔

دم اور بڑھ گیا تھا لہو چاٹ چاٹ کے (عربی میں دم خون کو بھی کہتے ہیں)

سب فوج کی تیغیں تھیں اور اک شاہ کا دم تھا (دم تلوار کی باڑھ کو بھی کہتے ہیں)

ایسا گناہ کیا ہے کہ جسکی حد نہیں (حد گناہ کی سزا کو بھی کہتے ہیں)

چپ ہوں مگر زباں ہے وہی اپنے کام میں (کام فارسی میں تالوں کو بھی کہتے ہیں)